© rasailojaraid.com

# عرب جاهلیه اولیٰ کے ادبی آثار پر ایک نظر

محمود احمد غازی

عموماً یه خیال کیا جاتا هے که زمانۂ جاهلیت سے مراد کوئی ایسا دور هے جب بے علمی اور جہالت هر طرف پھیلی هوئی تھی۔ چار سو جاهل هی جاهل نظر آتے تھے۔ علم وفن، لکھنے پڑھنے اور سیکھنے سکھانے کا کچھ ذکر مذکور نه تھا۔ آج کل جس قدر بھی علوم و فنون دنیا میں رائج هیں وه سب کے سب اس وقت کم ازکم عرب میں بالکل معدوم تھے۔ کتاب، قلم، دوات، مکتب، استاذ، کتب خانه اور اس طرح کے دوسرے علمی لوازمات سے اهل عرب قطعاً نا آشنا تھے۔ مدارس کا ان میں مطلق رواج نه تھا۔ بلکه اسلام کے ابتدائی دور میں بھی مدرسه کی اصطلاح موجود نه تھی اور مدرسه پانچویں صدی هجری سے قبل وجود میں نہیں آیا تھا (۱)

یه اور اس طرح کے بہت سے دوسرے بے بنیاد خیالات هیں جو اسلام سے قبل عربوں کی علمی حالت کے متعلق عام طور پر لوگوں کے ذهنوں میں پائے جاتے هیں۔ درحقیقت یه غلط فہمی ''جاهلیت'' کے مفہوم کو نه سمجھنے سے پیدا هوتی هے۔ چونکه یه لفظ جهل اور جہالت سے مشتق هے اس لیے بادی النظر میں جاهلیت کے جو معنی اذهان کو متبادر هوتے هیں اس کو لوگ صحیح سمجھ لیتے هیں اور یه غلط فہمی آگے چل کر بہت سی دوسری غلط فہمیوں کی موجب بنتی هے۔ اس لئے بہتر هے که اصل موضوع پر گفتگو کرنے سے قبل لفظ ''جاهلیت'' کے بارے میں رائج غلط فہمی کا ازاله کر دیا جائے۔

''جاهلیت'' کا لفظ جهل سے مشتق هے۔ جهل کے معنی ''ناواقفی اور جہالت'' اور ''سختی، درشتی اور اکھڑپن'' کے آتے هیں۔ عربی شاعری میں یه

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لفظ دونوں معانی میں استعمال ہوا ہے۔ سموأل بن عادیا کہتا ہے :

سلي ان جهلت الناس عنا و عنهم    فليس سواء عالم وجهول (۲)

اس شعر میں شاعر اپنی بیوی سے، جو کسی دوسرے قبیلہ سے تعلق رکھتی ہے، خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اگر تو ہماری اور ہمارے دشمنوں کی صحیح قوت سے ناواقف ہے تو لوگوں سے پوچھ لے؛ اس لئے کہ جاننے والا اور نہ جاننے والا برابر نہیں ہوا کرتے۔ اس شعر میں دونوں جگہ یہ لفظ نہ جاننے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ دوسرے معنی (سختی، درشتی اور اکھڑپن) میں عمرو ابن کلثوم کے معلقہ کا یہ شعر ہے :

ألا لا يجهلن أحد علينا    فنجهل فوق جهل الجاهلينا(۳)

خبردار کوئی شخص ہمارے ساتھ درشتی نہ کرے، ورنہ ہم جاہلوں کی درشتی سے بھی زیادہ درشتی کا مظاہرہ کریں گے۔

عربی شاعری کے علاوہ حدیث میں بھی یہ مادہ ان دونوں معانی میں استعمال ہوا ہے :

كفى بالمرء جهلا ان يعجب بعمله (۴)

آدمی کی ناواقفیت اور جہالت کے ثبوت کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے کام پر عجب کرے،

ولجاهل سخي احب الى الله من عابد بخيل (۵)

جاہل سخی اللہ تعالی کو بخیل عابد سے زیادہ محبوب ہے۔

سختی، درشتی اور اکھڑپن کے معنی میں بھی :

اذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يجهل (۶)

جب تم میں سے کوئی شخص روزہ دار ہو تو نہ گندی بات کرے اور نہ کسی قسم کا اکھڑپن کرے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللهم انی اعوذبك من أن . . . . اجهل أویجهل علی (۷)

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس امر سے کہ . . . . میں کسی قسم کا اکھڑپن کروں یا کوئی اور میرے ساتھ اکھڑپن کرے۔

ان تمام معانی اور استعمالات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تدبر کیا جائے تو صاف سمجھ میں آتا ہے کہ جاہلیت سے مراد وہ زمانہ یا وہ حالت ہے جس میں لوگ حسن اخلاق کے پابند نہ ہوں، شریعت نے جن اخلاق فاضلہ کی تعلیم دی وہ ان میں موجود نہ ہوں یا ان کی طرف سے عمومی عدم مبالات کا برتاؤ کیا جاتا ہو۔ اس طرح کی اعتقادی، اخلاقی اور عملی غیر اسلامیت اور اس کی خصوصیات لازمہ کو قرآن نے جاہلیت سے تعبیر کیا ہے، اس اصطلاح کا اطلاق زمانہ اور حالت دونوں پر کیا جاتا ہے۔ انہی دونوں (زمانہ اور حالت کے) معانی میں یہ اصطلاح قرآن کریم میں چار مرتبہ اور احادیث میں متعدد مرتبہ استعمال ہوئی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

یظنون باللہ غیر الحق ظن الجاھلیہ" (۳: ۱۵۴)۔

یہ لوگ (منافقین) اللہ کے بارے میں جاہلیت جیسے خلاف حق گمان رکھتے ہیں۔ یہاں جاہلیت سے مراد زمانہ" جاہلیت ہے۔

أفحکم الجاھلیہ" یبغون و من احسن من اللہ حکما لقوم یوقنون (۵: ۵۰)۔

کیا وہ لوگ جاہلیت کی حکومت کے خواہاں ہیں؟ اور یقین رکھنے والی قوم کے لئے اللہ کی حکومت سے بہتر کس کی حکومت ہوسکتی ہے؟ یہاں جاہلیت سے حالت جاہلیت مراد ہے۔

اسی طرح حدیث میں بھی یہ اصطلاح ہر دو معانی کے لئے وارد ہوئی ہے چنانچہ ایک مرتبہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو اس کی والدہ کے عجمی النسل ہونے کا طعنہ دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت ابوذر رض کو فہمائش کرتے ہوئے فرمایا إنك امرؤ فیک جاهلیة (٨) تم میں جاهلیت جیسی عادت یا جاهلیت جیسی حالت پائی جاتی ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

من فارق الجماعة شبرا فمات الا مات میتة جاهلیة (٩)

جس شخص نے بالشت بھر بھی مسلمانوں کی جماعت سے علیحدگی اختیار کی اور مر گیا وہ محض جاهلیت کی موت مرا ، یعنی حالت جاهلیت میں اس کی موت واقع ہوئی۔

احادیث میں اصطلاح جاهلیت کا استعمال زمانۂ جاهلیت کے معنی میں بھی ہوا ہے ، چند احادیث درج ذیل ہیں :

عن عائشة رضی اللہ عنها قالت إن النکاح فی الجاهلیة کان علی اربعة أنحاء ...... فلما بعث محمد صلی اللہ علیه وسلم بالحق هدم نکاح الجاهلیة کله إلا نکاح الناس الیوم (١٠)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ جاهلیت (زمانۂ جاهلیت) میں نکاح چار طرح کا ہوتا تھا ...... لیکن جب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق کے ساتھ بھیجے گئے تو انہوں نے آج کل کے نکاح کے علاوہ جاهلیت کے زمانے کے تمام نکاحوں کو ختم کر دیا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

خیارهم فی الجاهلیة خیارهم فی الاسلام (١١)۔

جو لوگ زمانۂ جاهلیت میں بھلے تھے وہ زمانۂ اسلام میں بھی بھلے ہی ہیں۔

عن عمر بن الخطاب قال نذرت نذرا فی الجاهلیة فسألت النبی صلی اللہ علیه وسلم بعد ما اسلمت فأمرنی أن اوفی بنذری (١٢)

حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں نے زمانۂ جاہلیت میں ایک نذر مانی تھی، اسلام لانے کے بعد میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپ نے حکم دیا کہ میں اپنی نذر کو پورا کروں۔

ان آیات و احادیث سے اصطلاح جاہلیت کا مفہوم پورے طور پر واضح ہو جاتا ہے۔ تمام مفسرین، محدثین اور لغویین نے بھی اس کا یہی مفہوم سمجھا اور بیان کیا ہے۔ ذیل میں چند اکابر مصنفین کی آراء پیش کی جاتی ہیں۔

حضرت ابوذر والی حدیث (انك امرؤ فیك جاهلیة، تم میں جاہلیت جیسی عادت پائی جاتی ہے) کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی الکبیر نے "روح المعانی" میں ابن اثیر کا قول نقل کیا ہے اور کہا ہے:

فسرها ابن الاثیر بالحالة التی علیها العرب قبل الاسلام من الجهل بالله و رسوله علیه الصلوة والسلام وشرائع الدین و المفاخرة بالانساب و الکبر (۱۳)

یعنی ابن اثیر نے اس لفظ کی تشریح و تفسیر اس حالت سے کی ہے جو عربوں پر اسلام سے قبل طاری تھی، یعنی اللہ، رسول اور دین کے اصول و قوانین سے ناواقفیت، نسب پر فخر اور بڑائی وغیرہ۔

اسی سلسلۂ بیان میں علامہ آلوسی آگے چل کر ابن عطیہ کی رائے نقل کرتے ہیں، ان کے خیال میں

هی ما کان قبل الشرع من سیرة الکفر وقلة الغیرة و نحوذلك،

یعنی شریعت (اسلام) سے قبل پائے جانے والے کافرانہ خصائل اور طور طریقوں اور بےحیائی وغیرہ کو جاہلیت کہتے ہیں۔ (۱۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی کہتے ہیں کہ جاہلیت سے بالعموم یہی زمانۂ قبل اسلام مراد ہوتا ہے اور قرآن کی یہ آیت اسی معنی کی حامل ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



يظنون بالله غير الحق ظن الجاهلية" (۳: ۱۵۴)

یعنی یہ لوگ عہد جاہلیت کے خیالات کی طرح اللہ تعالی کے بارے میں خلاف حق خیالات رکھتے ہیں (۱۵)

مشہور مصری عالم اور محقق استاد سید قطب مرحوم نے اصطلاح ''جاہلیت'' کی نہایت عمدہ تشریح کی ہے، وہ لکھتے ہیں:

والجاهلية" ليست فترة معينه" من الزمان، انما هي حالة" اجتماعيه" معينه"، ذات تصورات معينه" للحياة، و يمكن ان توجد هذه الحالة" وان يوجد هذا التصور في أي زمان و في اي مكان، فيكون دليلا على الجاهلية" حيث كان ۔ (۱٦)

یعنی جاہلیت زمانہ کی کسی معین مدت کا نام نہیں ہے، یہ ایک مخصوص اجتماعی حالت ہے جس میں زندگی کے چند مخصوص تصورات ہوتے ہیں، ہوسکتا ہے کہ یہ حالت یا یہ تصورات کسی بھی زمانہ یا کسی بھی جگہ میں پائے جائیں، اگر ایسا ہو تو یہ وہاں کی جاہلیت کی علامت ہوگا ۔

ممتاز لغت نویس مولوی عبد الرحیم صفی پوری نے ''منتہی الارب'' میں جاہلیت کے معنی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

زمانۂ قبل اسلام کہ عرب دراں جہل میداشتند بخدا و رسول وی و شرائع دین و مانند آں (۱۷)۔

ماضی قریب کے عظیم مصری عالم و محقق محمد فرید وجدی لکھتے ہیں:

والجاهلية" هي حالة" الناس قبل بعثة" رسول الله صلى الله عليه وسلم (۱۸)۔

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل لوگوں کی حالت کو جاہلیت کہا جاتا ہے۔

اصطلاح جاہلیت کی اس تشریح سے یہ بات پوری طرح واضح ہوجاتی ہے کہ جاہلیت کا مفہوم علوم وفنون اور تعلیم وتعلم سے بیگانگی قطعاً نہیں ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حقیقت یہ ہے کہ عربوں میں مختلف عقلی و نقلی علوم موجود تھے ، گو یہ علوم تہذیب و تدوین کی اس ستھری شکل میں نہ تھے جو بعد میں انہوں نے اختیار کی۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ یہ تمام علوم وفنون اہل عرب میں نہ صرف موجود تھے بلکہ اپنی طبعی رفتار سے ترقی کے منازل بھی طے کر رہے تھے۔

اصطلاح جاھلیت کا اطلاق اول اول اس دور پر بکثرت کیا گیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت طیبہ سے قبل عرب میں موجود تھا۔ اگرچہ اس قرآنی اصطلاح کا مفہوم ـــــ جیسا کہ واضح کیا گیا ـــــ ہر ایسے دور ، ہر ایسی حالت اور ہر ایسے معاشرہ پر حاوی ہے جو دین قیم کے غیر متبدل اصولوں سے بغاوت پر مبنی ہو لیکن چونکہ اہل عرب کے لئے ایسے دور، ایسی حالت اور ایسے معاشرہ کی قریب ترین اور سہل ترین مثال جاھلیت عربیہ تھی اس لئے کثرت استعمال کی وجہ سے تاریخ عرب قبل الاسلام کے اس مخصوص دور کو بھی مجازاً دور جاھلی کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ اس طرح لفظ ”جاھلیت“ دو مختلف اصطلاحیں قرار پایا ، ایک قرآنی اصطلاح جس کا مفہوم گذشتہ صفحات میں بالتفصیل بیان کیا گیا ، دوسری علم تاریخ کی اصطلاح جس میں پہلی اصطلاح ھی کے مفہوم کو مخصوص و محدود کیا گیا ہے ، اس سے مراد خاص کر زمانۂ عرب قبل الاسلام ہے۔

اسلام سے قبل عربوں کی علمی و فکری اور تمدنی تاریخ بیان کرنے کے لئے بعض مؤرخین مثلاً جرجی زیدان وغیرہ (۱۹) نے تاریخ عرب قبل الاسلام کو دو ادوار میں منقسم کیا ہے۔ (۱) عصر الجاھلیہ" الاول (۲) عصر الجاھلیہ" الثانی

## عصر الجاھلیہ" الاول

یہ دور نامعلوم زمانۂ تاریخ سے پانچویں صدی شمسی تک ہے۔ اس دور کے علمی ، فکری اور ادبی حالات کے بارے میں ہم کو بہت زیادہ معلومات دستیاب نہیں، بعض اندازے ہیں جن کی صحت یا عدم صحت کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بارے میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اس دور کے بارے جو کچھ تاریخی معلومات ہمارے پاس موجود ہیں وہ بیشتر یمن، صنعا اور بابل وغیرہ سے دریافت کیے جانے والے کتبات سے ماخوذ ہیں۔ یہی وہ دور ہے جس میں مشہور بابلی بادشاہ حمورابی گذرا ہے جس کے کتبات اور نقش فی الحجر قوانین عام طور پر مشہور ہیں۔

زمانۂ حال کے بعض مؤرخین اس طرف گئے ہیں کہ عہد نامۂ عتیق کا اٹھارواں صحیفہ "سفر ایوب" (Job) اسی دور کی پیداوار ہے۔ ان مؤرخین کی رائے کے مطابق یہ صحیفہ فی الحقیقت عربی زبان میں نظم کیا گیا تھا۔ اس کا زمانۂ تصنیف تقریباً ...۱ قبل مسیح ہے۔ بعد میں کسی نے اس کا ترجمہ عبرانی زبان میں کر دیا۔ مکارم اخلاق کی تلقین اور دوسری خوبیوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے یہودی اس کتاب کو تکریم وتحریم کی نگاہوں سے دیکھنے لگے۔ رفتہ رفتہ یہ کتاب ایک مقدس صحیفہ کا رتبہ حاصل کر کے عہد نامۂ عتیق کا جزو قرار پائی۔ اسی دوران میں مسلسل بےاعتنائی اور مرور ایام کی وجہ سے اصل عربی متن ضائع ہوگیا اور محض ترجمہ باقی رہ گیا۔ یہ مؤرخین اس سلسلہ میں سنسکرت کی مشہور اور قدیم ادبی کتاب کلیلہ ودمنہ کی نظیر بھی پیش کرتے ہیں۔ مسلمانوں کے دور عروج سے قبل اس کتاب کا پہلوی ترجمہ ہوچکا تھا۔ مسلمانوں نے اپنے دور عروج میں اس کا عربی ترجمہ کرایا۔ بعد میں مرور ایام کے باعث اصل متن جو سنسکرت زبان میں تھا ضائع ہوگیا، اس وقت صرف عربی ترجمہ موجود ہے پہلوی ترجمہ بھی کمیاب بلکہ نایاب ہے۔

"سفر ایوب" کو عربی الاصل ماننے والوں میں خیر الدین الزرکلی مصنف الاعلام، پادری لویس شیخو، مشہور عراقی عالم و محقق ڈاکٹر جواد علی، ممتاز یہودی مستشرق مارگولیوتھ اور امریکی عالم الف ایچ فوسٹر شامل ہیں۔ ان حضرات کے دلائل کا خلاصہ یہ ہے کہ "سفر ایوب" میں اشخاص واماکن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وغیرہ کے نام اور حیوانات ، نباتات اور صحراؤں کا جس انداز میں ذکر کیا گیا ہے وہ عربی طرز واسلوب کے عین مطابق ہے ۔ ان حضرات کے اندازہ کے مطابق حضرت موسی علیہ السلام کے کچھ ہی عرصہ بعد اس کتاب کا عربی سے عبرانی میں ترجمہ کیا گیا ہوگا ۔ مارگولیوتھ صاحب نے لغوی ، لسانی اور جغرافیائی شواھد کی بناء پر اس رائے کی زور شور سے تائید کی ہے (۲۰) ۔

اس نظریہ کو اگر درست تسلیم کر لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ عرب دنیا کی پہلی قوم ہیں جنہوں نے شعر و شاعری میں اس درجہ کمال حاصل کیا اور آج سے کم و بیش تین ہزار سال قبل وہ ادبی اور علمی اعتبار سے اس درجہ پر پہنچ گئے تھے کہ ’’سفر ایوب‘‘ جیسی کتاب نظم کر ڈالی ۔ آج یونانی شاعر ہومر کی ’’ایلیڈ‘‘ اور ہندوؤں کی مقدس کتاب مہابھارت ادبیات عالم کی قدیم ترین نظمیں خیال کی جاتی ہیں ۔ اگر ’’سفر ایوب‘‘ کے عربی الاصل ہونے کے اس نظریہ کو جو بعض مؤرخین نے پیش کیا ہے درست تسلیم کر لیا جائے تو اس کے عربی متن کو یقیناً دنیا کی قدیم ترین نظم یا کم ازکم دنیا کی تین قدیم ترین نظموں میں سے ایک مانا جائے گا (۲۱) ۔

’’سفر ایوب‘‘ کے علاوہ عصر جاهلیہ اول کی عربی نثر کے نمونے ہم کو بعض قدیم کتبات کی شکل میں ملتے ہیں ۔ یہ کتبات عموماً پانچ سو سال قبل ہجرت سے تین سو سال قبل ہجرت کے ہیں ۔ ان سے عربی زبان بالخصوص عربی نثر کے ارتقاء کو سمجھنے میں بخوبی مدد ملتی ہے ۔ ذیل میں اس طرح کی ایک عربی تحریر دی جاتی ہے ۔ یہ وہ کتبہ ہے جو امرؤالقیس اول گورنر عراق المتوفی سنہ ۳۲۸ء مطابق سنہ ۲۸۵ ق ھ کی قبر سے دستیاب ہوا ہے :

تی نفس مر القیس بر عمرو ملک العرب کله ذواسر التاج
وملک الاسدین و نذور و ملوکهم وهرب مذ حجو عکری و جاء
یزجو فی جبج نجران مدینة شمر و ملک معد و نزل بنیه

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الشعوب و وکله لفرس ولروم فلم یبلغ ملک مبلغه

عکری هلک سنه ۲۲۳ یوم بکسول بلسعد ذو ولده

یہ عبارت قدیم کوفی خط میں کندہ ہے، سہولت کی خاطر موجودہ خط میں لکھ دی گئی ہے، اصل عربی کتبہ کا نقش متعدد کتابوں میں موجود ہے (۲۲)۔ اس عبارت کا مفہوم جرجی زیدان نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

۱ - هذا قبر امرئی القیس بن عمرو ملک العرب کلهم الذی تقلد التاج

۲ - واخضع قبیلتی اسد و نزار وملوکهم وهذم مذحج الی الیوم وقاد

۳ - الظفر إلی اسوار نجران مدینة شمر و اخضع معدا و استعمل بنیه

٤ - علی القبائل و انابهم عنه لدی الفرس و الروم فلم یبلغ ملک مبلغه

۵ - الی الیوم ، توفی سنة ۲۲۳ فی یوم ایلول وفق بنوه للسعادة (۲۳)

واضح رہے کہ اصل اور ''ترجمہ'' کی زبان میں تقریباً تین سو سال کا فرق ہے۔

دور جاہلیت کی مذکورہ تقسیم کے اعتبار سے عصر جاہلیہ اول سنہ ۵۰۰ء میں ختم ہو جاتا ہے۔ اس دور کے شعراء اور ان کی شاعری کے نمونے بہت کم دستیاب ہیں۔ اس دور کے بعض شعراء کے جستہ جستہ حالات اور ان کے بعض متفرق اشعار متعدد کتابوں میں ملتے ہیں۔ ہم ان میں سے چند شعراء کا تذکرہ اور ان کے کلام کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔

## لقیط بن یعمر بن خارجہ الایادی

یہ عربی کے قدیم شعراء سے ہے، اس کا زمانہ ۲۵۰—۳۲۰ ق ھ مطابق ۳۰۵—۳۸۰ء کے لگ بھگ ہے (۲۴)۔ اس کے باپ کے نام میں اختلاف ہے، بعض نے یعمر، بعض نے معمر اور بعض نے معبد بتلایا ہے۔ یہ شخص ایاد قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا، فارسی زبان سے واقف تھا۔ خسروان ایران سے اس کے نہایت خوشگوار تعلقات تھے، ایک عرصہ تک ان کا همراز اور مترجم بھی رہا تھا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لقیط بن یعمر کا قبیلہ — ایاد — معد کی اولاد میں پہلا قبیلہ تھا جس نے تہامہ کی سر زمین کو خیرباد کہا اور ارض سواد میں جاکر پڑاؤ کیا۔ وہاں ان لوگوں نے ایک بڑے علاقہ پر تسلط حاصل کر کے کسری شاہ ایران کے ایک خزانہ کو لوٹ لیا۔ کسری نے ان لوگوں کی گوشمالی کے لئے پے در پے دستے بھیجے لیکن ان دستوں کو شکست ہوتی رہی۔ بعد میں ایادیوں نے اس جگہ کو بھی خیرباد کہا اور جزیرہ (۲۰) میں پڑاؤ کیا۔ کسری نے ساٹھ ہزار مسلح سپاھیوں پر مشتمل لشکر بھیجا، اس موقعہ پر لقیط نے ایک قصیدہ لکھ کر اپنی قوم کو بھیج دیا۔ اس قصیدہ میں اس نے کسری کی تیاریوں سے اپنے اھل قبیلہ کو باخبر کر دیا۔ اس معاملہ کی اطلاع کسی طرح کسری کو ہوگئی، اس نے ناراض ہوکر اس کی زبان کٹوادی اور بعد میں قتل کرادیا۔ لقیط کا یہ قصیدہ ادبی اعتبار سے نہایت بلند پایہ ہے، مطلع ہے:

یا دار عمرة من محتلها الجرعا　　　هاجت لی الهم و الاحزان و الوجعا

اے دار عمرہ جوکہ چٹیل میدان میں واقع ہے، جس نے میرے درد و غم کو برانگیختہ کر دیا ہے۔

آگے چل کر اپنی قوم کو کسری کے ارادوں سے آگاہ کرتا ہے اور ان کو خبردار کرتا ہے کہ وہ تیار ہوجائیں ورنہ ان کو شدید تباھی کا سامنا کرنا پڑے گا، کہتا ہے:

یا قوم لا تامنوا ان کنتم غیرا　　　علی نسائکم کسری وما جمعا

اے میری قوم کے لوگو! اگر تم اپنی عورتوں کے معاملہ میں غیرت مند ہو تو کسری اس کی تیاریوں سے غافل ہو کر آرام سے نہ بیٹھو۔

قصیدہ کے آخر میں کہتا ہے:

هذا کتابی الیکم و النذیر لکم　　　لمن رأی الرأی بالابرام قدنصحا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ میرا خط ہے جو تم کو آنے والے خطرات سے ڈرانے والا ہے، جو شخص بھی کوئی قابل ذکر رائے رکھتا ہے اس کے لئے یہ خط پوری طرح وضاحت کر دینے والا ہے۔

ولقد بذلت لکم نصحی بلا دخل　　فاستیقظوا ان خیر الامر ما نفعا (۲۶)

میں نے تم کو یہ نصیحت کسی ذاتی مفاد کے پیش نظر نہیں کی، لہذا تم لوگ ہوشیار ہوجاؤ اس لئے کہ بہترین کام وہ ہے جو فائدہ مند ہو۔

علامہ ابو الفرج اصبہانی نے کتاب الاغانی میں اس قصیدہ کے ۱۸ اشعار نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ اس قصیدہ میں اور بھی اشعار ہیں۔ (۲۷)

اسی موقعہ پر لقیط نے ایک قصیدہ اور کہا جس کے چند اشعار درج ذیل ہیں:

سلام فی الصحیفة من لقیط　　إلی من بالجزیرة من إیاد

اس خط کے ذریعہ لقیط کی طرف سے قبیلۂ ایاد کے ان لوگوں پر سلام ہو جو جزیرہ میں موجود ہیں۔

بأن اللیث کسری قد اتاکم　　فلا یشغلکم سوق النقاد

شیر فارس کسری تم پر حملہ کیا چاھتا ہے، لہذا (ہوشیار رہو اور) بھیڑوں کے ہانکنے میں زیادہ مشغول نہ رہو۔

اتاکم منهم ستون الفا　　یزجون الکتائب کالجراد

ان کا ساٹھ ہزار کا لشکر تم تک پہنچنے والا ہے، وہ لوگ لشکروں کو ٹڈیوں کی طرح دوڑائے چلے آرہے ہیں۔

علی حنق اتینکم، فهذا　　اوان هلاککم کهلاک عاد

یہ لوگ سخت غیظ و غضب کی وجہ سے تم پر حملہ کرنے آئے ہیں، یہ وقت تمہاری ہلاکت کا ہے جس طرح قوم عاد کے لوگ ہلاک ہوگئے تھے۔ (۲۸)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لقیط ابن یعمر کے مزید حالات ''الشعر والشعراء'' میں موجود ھیں۔ (۲۹) اس کا ایک مختصر دیوان بھی ہے جو ھنوز غیر مطبوعہ ہے۔ اس دیوان کا ایک نسخہ استنبول کی مسجد فیض اللہ کے کتب خانے میں نمبر ۱۶۶۲ پر موجود ہے۔ یہ نسخہ ابوالمنذر ھشام بن محمد بن السائب المتوفی سنہ ۲۰۶ ھ (جو ابن الکلبی کے نام سے مشہور ھیں) کی روایت سے ہے اور نہایت قدیم عربی خط میں ہے۔ اسی دیوان کا ایک اور نسخہ، جو سنہ ۸۲۹ ھ میں لکھا گیا تھا، استنبول ھی کے کتب خانہ ایاصوفیا میں نمبر ۳۹۳۳ پر موجود ہے اور نہایت صاف خط میں لکھا ھوا ہے۔ (۳۰)

## لیلی العفیفہ بنت لکیز

یہ ایک قدیم عرب شاعرہ ہے۔ اس کا زمانۂ وفات سنہ ۱۴۴ ق ھ ہے۔ یہ خاتون حسن و جمال اور شعر و ادب میں یکتائے روزگار تھی۔ اس پر ایک عجمی بادشاہ عاشق ھوگیا تھا۔ اس نے اس کے باپ لکیز کے پاس رشتہ کا پیغام بھیجا لیکن اس کے باپ نے نامنظور کر دیا۔ بادشاہ نے بلطائف الحیل لیلی کو گرفتار کرا کے اس سے نکاح کرنا چاھا لیکن یہ سختی سے اپنے انکار پر قائم رھی۔ بادشاہ نے ھر قسم کے دباؤ اور لالچ سے کام لینا چاھا لیکن کامیاب نہ ھوا۔ آخر تنگ آکر اس نے لیلی کو قید کر دیا۔ بادشاہ قید ھی میں اپنی اس سنگدل محبوبہ کا نظارہ کرلیتا اور یوں اپنی آتش شوق کو تسکین دینے کی کوشش کرتا۔

لیلی بنت لکیز کے خاندانی منگیتر براق ابن روحان کو اس کے ان مصائب کی اطلاع ملی۔ وہ وھاں پہنچا اور بڑی جدوجہد کے بعد لیلی کو رھا کرا کے لے آیا۔ اس طرح ان دونوں کی شادی ھوئی۔ (۳۱)

لیلی بنت لکیز کا مشہور قصیدہ وہ ہے جو اس نے اپنی گرفتاری کے دوران کہا تھا۔ اس قصیدہ میں وہ عالمِ خیال میں اپنے محبوب اور منگیتر براق بن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



روحان اور دوسرے اعزہ کو خطاب کرتے ہوئے ان سے اپنی رہائی کی کوشش کرنے کی درخواست کرتی ہے۔ مطلع ہے :

لیت للبراق عینا فتری　　　ما اقاسی من بلاء و عنا

اے کاش براق کی آنکھیں ان مصائب اور مشقتوں کو دیکھ سکتیں جو میں برداشت کر رہی ہوں۔

آگے چل کر کہتی ہے :

یا کلیبا و عقیلا اخوتی　　　یا جنیدا اسعدونی بالبکا

اے میرے بھائیو کلیب، عقیل اور جنید ! تم رونے میں میری مدد کرو۔

عذبت اختکم یا ویلکم　　　بعذاب النکر صبحا ومسا

تمہارا برا ہو ! تمہاری بہن کو صبح و شام درد ناک عذاب دیا جا رہا ہے۔

غللونی قیدونی ضربوا　　　ملمس العفۃ منی بالعصا

ان لوگوں نے مجھ کو بیڑیاں پہنا دیں، مجھے قید کر ڈالا اور میری جائے عفت کو لاٹھیوں سے مارا۔

اصبحت لیلی تغلل کفها　　　مثل تغلیل الملوک العظما

لیلی کا آج یہ مرتبہ ہوگیا ہے کہ اس کے ہاتھوں میں بڑے بڑے قیدی بادشاہوں کی طرح بیڑیاں پہنا دی گئی ہیں۔

و تقید و تکبل جهرة　　　و تطالب بقبیحات الخنا

اس کو قید کیا جاتا ہے، کھلم کھلا ہتھکڑیاں پہنائی جاتی ہیں، اور اس سے گندی اور شرمناک حرکتوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

قل لعدنان هدیتم شمروا　　　لبنی مبغوض تشمیر الوفا

کوئی عدنان کی اولاد سے یہ کہہ دے کہ خدا تم کو ہدایت دے تیار ہوجاؤ، اور مبغوض لوگوں سے مقابلہ کرنے کے لئے وفاداری سے تیار ہو جاؤ۔

یا بنی تغلب سیروا و انصروا　　　و ذروا الغفلۃ عنکم و الکری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اے تغلب کی اولاد ! چل پڑو اور مدد کے لئے پہنچو ! غفلت اور خواب خرگوشی کو چھوڑ دو

و احذروا العار علی اعقابکم　　وعلیکم مابقیتم فی الدنا

اس سے ڈرو کہ رہتی دنیا تک تم کو اور تمہاری اولاد کو عار کا سامنا کرنا پڑے۔ (۳۲)

ایک اور موقعہ پر اپنے دیور غرثان کی مرثیہ خوانی کرتے ہوئے لیلی بنت لکیز کہتی ہے :

لما ذکرت غریثا زاد بی کمدی　　حتی هممت من البلوی با علان

جب بھی مجھ کو غریث (۳۳) یاد آتا ہے تو میرا غم زیادہ ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ شدت غم و اندوہ سے میں نے لوگوں سے اس مصیبت کا حال کہہ ڈالنے کا ارادہ کر لیا ہے۔

تربع الحزن فی قلبی فذبت کما　　ذاب الرصاص اذا اصلی بنیران

غم میرے دل میں پوری طرح جاگزین ہوگیا ہے، میں شدت اندوہ سے اس طرح پگھلی جارہی ہوں جیسے سیسہ آگ میں ڈال کر تپایاجائے تو پگھل جاتا ہے۔

یا عین فابکی و جودی بالدموع ولا　　تمل یا قلب أن تبکی باشجان (۳۴)

اے آنکھ دل کھول کے رو اور خوب آنسو بہا ! اور اے دل تو ان آنکھوں کے رونے سے آزردہ نہ ہو۔

لیلی بنت لکیز کو اپنے محبوب اور شوہر براق سے بہت محبت تھی، اس کی مدح میں اس نے بہت سے اشعار کہے ہیں۔ دو شعر یہ ہیں :

براق سیدنا و فارس خیلنا　　وهو المطاعن فی مضیق الجحفل

براق ہمارا سردار اور ہمارے لشکر کا اسپ سوار ہے، وہی، جو گھنے اور گنجان لشکروں میں نیزہ زنی کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و عماد ھذا الحی فی مکروھہ      و مؤمل یرجوہ کل مؤمل (۳۰)۔

جنگوں اور لڑائیوں میں وھی اس قبیلہ کا ستون ھوتا ھے، وھی لوگوں کی آرزؤں اور تمناؤں کا مرکز و ماوی ھوتا ھے۔

ان کے علاوہ اور بھی متعدد شعراء ھیں جن کو " عصر جاھلیہ اول " میں شامل کیا جاتا ھے، لیکن قدامت کی وجہ سے ان کے کلام کا بہت سا حصہ تلف ھوگیا۔ جس قدر موجود ھے وہ بیشتر اوروں کے کلام کے ساتھ اس طرح خلط ملط ھوگیا ھے کہ تمیز کرنا نہایت دشوار ھے۔ یہی حال دوسرے علوم وفنون کا ھے کہ بعض متفرق نثرپاروں اور چند قصائد و قطعات کے سوا ان کے بارے میں ھم کو کوئی ایسی معلومات دستیاب نہیں جن کے متعلق وثوق کے ساتھ کہا جا سکے کہ ان کا تعلق عرب جاھلیہ اولی سے ھے۔ یہی وجہ ھے کہ عرب جاھلیہ کے دوسرے تمام علوم وفنون کی تاریخ بیان کرتے وقت اس تقسیم کو ملحوظ نہیں رکھا جا سکتا۔ ان ادوار کا التزام صرف عربی تحریر کی تاریخ، عربی زبان کے ارتقاء، عربوں کی سیاسی و تمدنی تاریخ اور کسی قدر عربی شعر و ادب کی تاریخ کے سلسلہ میں کیا جا سکتا ھے۔

## حواشی

(۱) ڈاکٹر منیرالدین احمد نے اپنی کتاب "پانچویں صدی ھجری سے قبل مسلمانوں کی تعلیمی اور علماء کی سماجی حیثیت ــ تاریخ بغداد کی روشنی میں" جس پر انکو ۱۹۶۷ء میں ہیمبرگ یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری دی گئی تھی یہ رائے ظاہر کی ہے کہ مدرسہ کا رواج پانچویں صدی ہجری کے بعد ہوا۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، اصل کتاب (بزبان انگریزی) مطبوعہ زورخ ۱۹۶۸ء، بحوالہ فکرونظر جلد ھفتم شمارہ نمبر ۱۲ بابت ماہ جون ۱۹۷۰ء صفحات ۹۵۳ تا ۹۶۰۔

(۲) ابو تمام حبیب ابن اوس الطائی : کتاب الحماسہ مطبوعہ لاھور ۱۸۷۴ء، صفحہ ۷۔

(۳) المعلقات العشر و اخبار شعرائھا، مرتبہ احمد ابن امین الشنقیطی، قاھرہ ۱۳۵۳ھ صفحہ ۱۱۳، معلقہ عمرو ابن کلثوم۔

(۴) سنن دارمی، صفحہ ۱۰۶، مطبوعہ دمشق ۱۳۴۹ھ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۵) جامع ترمذی : ابواب البر، مطبوعہ کانپور، جلد دوم صفحہ ۱۸ ۔

(۶) ابن ماجۃ القزوینی : السنن، مطبوعہ لکھنؤ ۱۳۱۵ھ صفحہ ۱۲۲، نیز (بہ اختلاف الفاظ) مسلم، قاہرہ ۱۹۵۵ ج ۲ صفحہ ۸۰۶ ۔

(۷) سنن ابن ماجہ لکھنؤ ۱۳۱۵ھ صفحہ ۱۸۵ نیز جامع ترمذی (باختلاف الفاظ) ج ۲ صفحہ ۱۸۵ نیز سنن ابو داؤد : کتاب الادب ۔

(۸) محمد ابن اسماعیل البخاری : الجامع الصحیح، مطبوعہ دہلی ۱۹۳۸ء جلد اول صفحہ ۹ ۔

(۹) محمد ابن اسماعیل البخاری : الجامع الصحیح، ابواب الفتن ۔
نیز مسلم بن الحجاج القشیری : الصحیح، کتاب الامارۃ ۔

(۱۰) محمد ابن اسماعیل البخاری : الجامع الصحیح، ابواب النکاح، باب من قال لا نکاح الا بولی
نیز سلیمان ابن اشعث ابوداؤد السجستانی : السنن، کتاب الطلاق ۔

(۱۱) محمد ابن اسماعیل البخاری : الجامع الصحیح، ابواب المناقب ۔
نیز مسلم بن الحجاج القشیری : الصحیح، کتاب الفضائل ۔

(۱۲) ابن ماجہ القزوینی : السنن، کتاب الکفارات مطبوعہ لکھنؤ ۱۳۱۵ھ صفحہ ۱۵۵ ۔
نیز ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن الدارمی : السنن، مطبوعہ دمشق ۱۳۴۹ ج ۲ صفحہ ۱۸۳ (باختلاف الفاظ) ۔

(۱۳) شہاب الدین محمود الآلوسی : روح المعانی، مطبوعہ قاہرہ ۱۳۵۳ھ جلد ۲۲ صفحہ ۸-۹ ۔

(۱۴) حوالہ ما قبل ۔

(۱۵) بحوالہ محمود شکری الآلوسی : بلوغ الادب فی معرفۃ احوال العرب، ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن، مطبوعہ لاہور ۱۹۶۷ء جلد اول صفحہ ۲۹ ۔

(۱۶) سید قطب : فی ظلال القرآن، مطبوعہ قاہرہ، جلد ۲۲، صفحہ ۱۹ ۔

(۱۷) مولوی عبد الرحیم صفی پوری : منتہی الادب، مطبوعہ لاہور ۱۳۲۴ھ جلد اول صفحہ ۳۲۳ مادہ جہل ۔

(۱۸) محمد فرید وجدی : دائرۃ المعارف للقرن العشرین، مطبوعہ قاہرہ ۱۹۱۲ء جلد سوم صفحہ ۲۶۳ مادہ جہل ۔

(۱۹) جرجی زیدان : تاریخ آداب اللغۃ العربیہ، مطبوعہ قاہرہ ۱۹۳۹ء ج اوّل صفحات ۲۱ - ۲۵ ۔

(۲۰) خیر الدین الزرکلی : الاعلام، مطبوعہ قاہرہ، ۱۳۷۳ھ جلد اوّل صفحہ ۳۷۹ - ۳۸۰ ۔

(۲۱) ان تینوں نظموں میں سے یقینی طور پر کسی ایک کو دوسرے پر مقدم نہیں کہا جا سکتا لیکن زیادہ شواہد اسی امر کے ہیں کہ سِفر ایوب زیادہ قدیم ہے - خیرالدین الزرکلی نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لکھا ہے(حوالہ ما قبل) کہ اسکا ترجمہ حضرت موسٰی ہی کے زمانےمیں یا انکے فوراً بعد عربی سے عبرانی میں ہو گیا تھا ۔ یونانی شاعر ہومر کے بارے میں دائرۃ المعارف البریطانی کے مقالہ نگار نے مختلف اقوال درج کیئے ہیں جو تیرھویں صدی قبل مسیح سے ساتویں صدی قبل مسیح تک ہیں ۔ ھندوؤں کی مقدس نظم مہابھارت کا زمانۂ تصنیف دائرۃ المعارف مذھب و اخلاق کے مقالہ نگار نے دوسو قبل مسیح سے دوسری صدی عیسوی کے مابین قرار دیا ہے ۔ لیکن آگے چلکر لکھا ہے کہ اگر اس احتیاط کو بھی مد نظر رکھا جائے جو بعض علماء نے اس سلسلہ میں برتی ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ اسکا زمانۂ تصنیف اور مدت ارتقاء چارسو قبل مسیح سے چار سو بعد مسیح کے درمیان ہے۔ ان اقوال کی روشنی میں ظاہر ہے کہ سفر ایوب ہی قدیم ترین نظم قرار دی جائے گی ۔ لیکن بعض مغربی محققین سفر ایوب کے بارے میں مذکورہ تعین تاریخ سے اختلاف کرتے ہیں ۔ مثلاً دائرۃ المعارف بریطانی کے مقالہ نویس کی رائے میں سفر ایوب کا زمانۂ تصنیف پانچ سو قبل مسیح سے آگے نہیں، لیکن ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتا ہے کہ اس مسلۂ پر علماء متفق الرائے نہیں ہیں ۔ اسی طرح دائرۃ المعارف مذاھب کا مؤلف موریس کینیے Maurice Canney لکھتا ہے (صفحہ ۲۰۱) "سفر ایوب کی تاریخ تصنیف کا تعین نہایت دشوار ہے، قدیم یہودی روایات کے مطابق اس کے مصنف خود موسٰی علیہ السلام ہیں، کتاب کے افکار و خیالات اور اسلوب و انداز بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ چارسو قبل مسیح میں لکھی گئی" ۔ بہر حال اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کتاب ادبیات عالم کی قدیم ترین نظموں میں سے ایک ہے ۔

(۲۲) مثال کے طور پر دیکھئیے جرجی زیدان : تاریخ آداب اللغۃ العربیۃ، قاھرہ ۱۹۳۶ جلد اول، صفحہ ۲۶، نیز ڈاکٹر جواد علی : تاریخ العرب قبل الاسلام، بغداد ۱۹۵۳ جلد چہارم بالمقابل صفحہ ۳۳، نیز دیکھئیے محمد عزۃ دروزۃ : تاریخ الجنس العربی فی مختلف الاطوار والادوار والا قطار، بیروت ۱۹۶۱ ج ۵ صفحہ ۲۰۴ ۔ متوخر الذکر کتاب میں صفحات ۱۶ - ۳۵ پر بہت سے کتبات کی تحریریں دی ہوئی ہیں جن سے اس دور کے عام انداز نگارش کا اندازہ بخوبی کیا جاسکتا ہے ۔ ڈاکٹر جواد علی نے اپنی محولہ بالاتصنیف میں جا بجا اس قسم کے کتبات کے فوٹو دیے ہیں ۔

(۲۳) جرجی زیدان : تاریخ آداب اللغۃ العربیہ، قاھرہ ۱۹۳۶ جلد اول صفحہ ۲۶ .

(۲۴) خیر الدین الزرکلی : الاعلام، قاھرہ ۱۳۷۳ھ ج ۶ صفحہ ۱۰۹ .

(۲۵) اس جزیرہ سے مراد غالباً جزیرہ اقور ہے جو دجلہ و فرات کے درمیانی علاقے کا نام ہے ۔ دیکھئیے یاقوت الحموی المتوفی ۶۲۶ھ : معجم البلدان مطبوعہ تہران ۱۹۶۵ جلد دوم صفحہ ۳ .

(۲۶) ابن قتیبہ : الشعر و الشعراء، جلد اول صفحہ ۱۲۹ - ۱۳۰ .

(۲۷) ابو الفرج الاصبہانی : کتاب الا غانی، جلد بیستم صفحات ۲۳ - ۲۵ .

(۲۸) ابن قتیبہ : حوالہ ما قبل، ابو الفرج الا صبہانی : حوالہ ما قبل .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲۹) حوالہ ما قبل ۔

(۳۰) بروکلمان : Geschichte Der Arabischen Litteratur ضمیمہ نمبر ۱، صفحہ ۵۵،
نیز فؤاد سید، انچارج شعبۂ مخطوطات دارالکتب المصریہ : فہرس المخطوطات المصورۃ
جلد اول صفحہ ۶۶۴ مطبوعہ قاہرہ ۱۹۵۴ ۔

(۳۱) خیرالدین الزرکلی ; الاعلام، قاہرہ، ۱۳۷۳ھ جلد ششم صفحہ ۱۱۷؛ نیز بشیر یموت :
شاعرات العرب فی الجاہلیۃ و الاسلام، طبع اول بیروت ۱۹۳۴، صفحہ ۳۲ ۔

(۳۲) بشیر یموت : شاعرات العرب فی الجاہلیۃ و الاسلام، طبع اول، بیروت ۱۹۳۴، صفحات
۳۲ - ۳۳ ۔

(۳۳) غریث غرثان کی تصغیر ہے، شدت محبت و جذبات کی وجہ سے شاعرہ نے یہاں تصغیر استعمال
کی ہے -

(۳۴) بشیر یموت : حوالہ ما قبل، صفحہ ۳۳ ۔

(۳۵) حوالہ ما قبل صفحہ ۳۴ ۔

## بقیہ نظرات

" دور حاضر میں کوئی ملک مذہب کی بنیاد پر قائم نہیں رہ سکتا " ۔ اس خیال کی غلطی اور بھی واضح ہو جاتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ موجودہ دور میں ایسی اجتماعی وحدتیں بھی ہیں جن کی بنیاد بعض جزئی نظریات یا سطحی افکار پر ہے۔

صدارتی مشیر حج و اوقاف مولانا کوثر نیازی نے اپنی ایک تقریر میں وزیر اعظم ہند اندرا گاندھی کے اس گمراہ کن پروپگنڈے کا جواب دیتے ہوئے بجا طور پر اعلان کیا ہے کہ " پاکستان مذہب اور دو قومی نظریے کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا تھا"۔ نیز یہ کہ "اسلام بمعنی عام ایک مذہب نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو آج بھی اسی طرح کارآمد ہے"۔(پاکستان ٹائمز صفحہ ۲ - ۲۸ فروری ۱۹۷۲ء)

سقوط ڈھاکہ کی وجہ سے پاکستان کی عمارت کو جو نقصان پہنچا ہے اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ اس کی بنیاد ہی غلط تھی -سراسر لغو ہے ۔ اہل نظر جانتے ہیں کہ بنیاد بالکل درست تھی۔ البتہ اوپر کی عمارت میں جو مسالہ استعمال کیا گیا وہ اچھا نہیں تھا جس کی وجہ سے اس کا ایک حصہ گر گیا ۔ اور یہ گرا ہوا حصہ دوبارہ تعمیر کیا جاسکتا ہے۔

© rasailojaraid.com